سوال

عورتیں جو نقاب کرتی ہیں ان کی دونوں آنکھیں کھلی ہوتی ہیں اور بیچ میں سے تھوڑی سی ناک نظر آ رہی ہوتی ہے کیا یہ جائز ہے۔

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بہت سی قرآنی آیات اور احادیث مبارکہ اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ عورت کا اجنبی اور غیر محرم مردوں سے اپنے مکمل بدن اور چہرے کو چھپانا واجب ہے۔

البتہ ضرورت کی وجہ سے دونوں آنکھیں کھلی رکھ سکتی ہے، لیکن پیشانی یا ناک کا کچھ حصہ ننگا رکھنا جائز نہیں ہے۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ